نعت سرور کائنات

صحن عالم میں جب اک جان بہاراں جاگا
سبزہ و غنچہ وگل جاگے ، گلستاں جاگا

لے کے انگڑائی اٹھے نخل سنور جانے کو
وادی و کوہ و دمن جاگے بیاباں جاگ

مرغزاروں میں ہرن جاگے کلیلیں کرنے
شاخ گل جھوم اٹھی مرغ خوش الحاں جاگ

عرش سے فرش پہ کرنے کو نزول اجلال
نازش کون و مکاں فخر رسولاں جاگ

کون محروم رہا تیری ضیاء پاشی سے
آمد احمد مختار سے انساں جاگ

جاگنے والے مگر سوگئے رفتہ رفتہ
کفر کی گود میں سویا ہوا ناداں جاگ

تفرقے پڑگئے وحدت کے پرستاروں میں
متحد ہوکے ہر اک دشمن ایماں جاگ

غصب و غارتگری صیہونیوں نے اپنائی
شکل انساں کی بنائے ہوئے حیواں جاگ

سامریت کا اٹھائے ہوئے پرچم صدّام
خواب ابلیس سے اک پیرو شیطاں جاگ

کفر و الحاد کے ناپاک عزائم دیکھے
حیف ، صدحیف نہ پھر بھی عربستاں جاگ

موت کی نیند میں یہ نوم بدل جائیگا
خواب غفلت سے جواب بھی نہ مسلماں جاگ

یاد جب آئی تری ساز دل و جاں جاگا
نام جب تیرا لیا زیست کا عنواں جاگ

کام بن جانے کے ہونے لگے پہلو روشن
بگڑی تقدیر سنور جانے کا امکاں جاگ

یا محمد کی صدا دے کے خمینی اٹھے
ان کی آوازپہ ہر عاشق یزداں جاگ

زلزلے آگئے دولت کے پرستاروں میں
یا علی کہہ کے غلام شہ مرداں جاگ

باندھ کر سرسے کفن مرد مجاہد نکلے
لوہا لینے کے لیے ظلم سے ایراں جاگ

عید میلاد نبی کا ہے تقاضہ باقرؔ
دھوم ہر سمت ہو عالم میں مسلماں جاگا

سید محمد باقرؔ طبا طبائی
۱۷/٤٤ احاطہ نواب صاحب کالپور [۲۰۸۰۰۱